02/07/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **عمر مختار** سے خبریں سُنئے

**امر ناتھ جی یاترا**

کل سے شروع ہونے والی سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے لگ بھگ 3 سو گاڑیوں میں سوار پانچ ہزار 4 سو 85 یاتریوں کو جھنڈی دکھا کر پہلگام اور بال تل کے لئے روانہ کیا ۔ منوج سنہا نے اس موقعہ پر یاتریوں کی محفوظ یاترا کے لئے دعا کی ۔

**قافلہ**

ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ یاتریوں کا یہ پہلا قافلہ آج دوپہر نویُگ ٹنل جنوبی کشمیر جاوید اقبال متو ، DIG کراس کر کے قاضی گنڈ پہنچ گیا ۔ قاضی گنڈ پہنچنے پر کولگام کے ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان ، ایس ایس پی کولگام ساحل سرانگل ، انتظامیہ کے دیگر افسروں نیز تاجروں اور مقامی لوگوں نے یاتریوں کا گرم جوشی کے ساتھ استقبال کیا ۔ گرمی کے پیش نظر یاتریوں کے لئے مشروبات کا بھی انتظام رکھا گیا تھا ۔ استقبال کرنے والے کئی عام شہریوں نے ہمارے نمائندے کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

بی جے پی کے ایک سینئر لیڈر روِندر رینہ نے نویُگ ٹنل کے اِس پار ہمارے نمائندے کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

**NHAI**

نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیا نے سرینگر جموں قومی شاہراہ پر امر ناتھ یاتریوں کے سفر کو آسان بنانے کے لئے کل جموں کشمیر کے حکام کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران لازمی امور کا کے چیرمین سنتوش کمار یادو نے اپنے ماتحت NHAI جائزہ لیا ۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ مقامی انتظامیہ کے ساتھ تال میل کے ساتھ کام کر کے یاترا تیاریوں میں اپنا بھر پور تعاون دیں۔

**وزیر اعظم**

Namibia ، ارجنٹینا ، برازیل اور Tobago و Trinidad، Ghana وزیر اعظم نریندر مودی آج کا دورہ کر رہے ہیں ۔ Ghana کے دورے پر روانہ ہور ہے ہیں ۔ پہلے مرحلے میں وزیر اعظم

**محرم**

آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی چھٹی تاریخ ہے اور شہدائے کربلا کو خراج عقیدت ادا کرنے کے لئے عزاداری کے جلوسوں ، مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کی مجالس کا سلسلہ جاری ہے ۔

**سکینہ ایتو**

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کل وادی کے سرکاری تعلیمی اداروں سے تعلق امتحان میں نمایاں NEET اور JEEرکھنے والے اُن طلباءکی عزت افزائی کی جنہوننے اس سال کامیابی حاصل کی ہے۔ وزیر موصوفہ نے ان طلباءکی محنت و لگن کی ستائش کر تے ہوئے کہا کہ سرکاری سکولوں کے اساتذہ نے نچلی سطح پر ان طلباءکے ان ٹیلنٹ کو اُبھارنے میں اہم رول ادا کیا۔

**جا وید احمد رانا**

متعدد عوامی وفود اور ممبران اسمبلی نے کل سیول سیکریٹریٹ سرینگر میں جنگلات و ماحولیات کے وزیر جا وید احمد رانا کے ساتھ ملاقات کی۔ ارکان قانون سازیہ میں علی محمد ڈار، شکتی راج پریہار اور شوکت حسین گنائی شامل تھے۔ انہوننے اپنے اپنے حلقوں کے ترقیاتی مسائل اور دیگر معاملات وزیر موصوف کی نوٹس میں لائے۔

**چیف سیکریٹری**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل سرکاری افسروں اور صنعت کاروں کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں مرکزی سرکار کی فلیگ شپ سکیموں کی عمل آوری نیز انڈسٹریل ٹریننگ انسچوٹس کی جدید کاری سے جڑے معاملات کا جائزہ لیا ۔

**یووا Connect**

قومی ترقی میں نوجوانوں کی شراکت داری کو بڑھانے کے لئے وکست بھارت 2047 کے تحت پہل شروع کی گئی ہے ۔ اس پہل کے تحت جموں کشمیر کے اعلیٰ تعلیمی اداروں Connect یووا

میں نوجوانوں کو ان کی صلاحیتوں کو مختلف صورتوں میں نکھار بخشنے سے جڑے امور سے روشناس کرایا جا رہا ہے ۔

**JJM**

جل جیون مشن کے مشن ڈائریکٹر خورشید احمد شاہ نے کل بڈگام ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں عملائی جا رہی مختلف واٹر سپلائی سکیموں کا معائینہ کیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ مشن کے تحت ہاتھ میں لئے گئے تمام کاموں ایک معیاد بند مدت کے اندر مکمل کریں تاکہ لوگوں کو بلا کسی رکاوٹ کے پینے کا صاف پانی مہیا ہو سکے ۔

**چنار کور**

چنار کور کے کمانڈر لفٹنٹ جنرل پرشانت سری واستوا نے کل شمالی کشمیر کا دورہ کر کے وہاں دہشت گردی مخالف گرڈ کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہیں علاقے کی مجموعی صورتحال اور آپریشنل تیاریوں کے بارے میں جانکاری دی گئی۔ حفاظتی اہلکاروں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے اعلیٰ معیارات کو برقرار رکھنے اور ہر سطح پر چوکسی برتنے پر زور دیا۔

**EDI**

سکیم کے تحت جموں وکشمیر کے6ضلعوں میں اُبھرتے ہوئے کارخانہ داروں RAMPنے JKEDI کےلئے تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا۔6دنوں تک جا ری اس تربیتی پروگرام میں 93خواتین سمیت117کار خانہ داروں کو مختلف پہلوؤں کی تربیت دی گئی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ